© rasailojaraid.com



کر دکھایا ہے۔ شروع میں مسائل کی تفصیلات اور آخر میں جدول کے ذریعہ حصص کی تقسیم، تو گویا دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔ شائقینِ علم وراثت کیلئے بیحد مفید، ضخامت ۴۰ صفحات تقریباً، کتابت وطباعت معیاری، سفید کاغذ، خوبصورت پلاسٹک کور کے ساتھ، قیمت صرف تین روپے پچاس پیسے۔

---

نام کتاب . . . قبروں پر مسجدیں اور اسلام

تالیف . . . الشیخ محمد ناصر الدین البانی

ترجمہ . . . محمد صادق خلیل

ضخامت . . . تقریباً دو سو صفحات، قیمت ۵۰/۴ روپے

قرآن وحدیث کے واضح احکام کے برعکس مروجہ بدعات میں سے بدترین، لیکن بہت ہی عام قبر پرستی ہے۔ بلکہ اس کی بہت سی اقسام تو شرک جلی کی صورت اختیار کر جاتی ہیں۔ اور افسوسناک امر تو یہ ہے کہ اس شرک وبدعت کی تمام تر بنیاد دین محض جہالت، شکم پروری اور اندھی تقلید پہ استوار کی گئی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں مصنف نے آیاتِ قرآنی، احادیث نبوی ﷺ، تعاملِ صحابہ رضی اللہ عنہم اور اقوالِ ائمہ اسلام کی روشنی میں طویل ومفصل بحث درج کر کے اس مکروہ بدعت کا بڑے شاندار طریق سے رد کیا ہے۔ ترجمہ بھی خوب ہے لیکن افسوس کہ کتاب کی پروف ریڈنگ کی طرف بہت کم توجہ دی گئی ہے، تاہم موضوع کی اہمیت اور افادیت بہرحال مسلم ہے۔ امید ہے عامۃ المسلمین اس کا مطالعہ ضروری خیال کریں گے۔

---

قاعدہ تسہیل القرآن

مرتبین: عبد الستار رحمانی وعبد الرحمٰن عابد

۲۰×۳۰/۱۶ سائز کے ۳۲ صفحات، سفید کاغذ کتابت وطباعت آفسٹ،

قیمت صرف ۳۰ پیسے

ملنے کا پتہ: مدرسہ رحمانیہ گارڈن ٹاؤن لاہور ۔ ۱۶

مسلمان بچوں کی تعلیم کا آغاز قرآن مجید سے ہونا چاہیئے۔ اس کے متعلق قرآنی

© rasailojaraid.com